MetroPlusHealth
50 Water St., 7th Floor • New York, NY 10004
1.800.303.9626 • TTY: 711 • metroplus.org

21 سال یا زیادہ عمر کے HARP یا HARP اہل HIV-SNP کے لیے ممبران کے لیے

کچھ سروسز میں تجدید کی وجہ سے آپ کی ممبر ہینڈبک میں تبدیلیاں کر دی گئی ہیں

بیہیورل ہیلتھ کمیونٹی اوریئنٹڈ ریکوری اینڈ ایمپاورمنٹ (CORE) سروسز۔

مورخہ **1 فروری 2022** سے چار عدد ایڈلٹ بیہیورل ہیلتھ ہوم اینڈ کمیونٹی بیسڈ سروسز (BH HCBS) تبدیل ہو کر کمیونٹی اوریئنٹڈ ریکوری اینڈ ایمپاورمنٹ (CORE) سروسز بن جائیں گی۔ میٹروپلس ہیلتھ پلان CORE سروسز کا احاطہ کرے گا۔ یہ CORE سروسز حاصل کرنے کے لیے آپ اپنا میٹرو پلس ہیلتھ پلان کارڈ استعمال کر سکتے ہیں۔

نیویارک اسٹیٹ یہ تبدیلی اس وجہ سے کر رہی ہے، کیونکہ BH HCBS کی نسبت CORE سروسز کا حصول آسان ہے۔ اہل ممبران کسی مستند پرووائیڈر کی سفارش پر CORE سروسز حاصل کر سکتے ہیں۔

جو سروسز BH HCBSسے CORE میں منتقل ہو رہی ہیں، ان میں درج ذیل شامل ہیں:

<u>سائیکو سوشل ریہیبلیٹیشن (PSR)</u>
یہ سروسز زندگی کی مہارتوں میں مدد کرتی ہیں، مثلاً سماجی روابط بنانا؛ ملازمت تلاش کرنا یا اسے برقرار رکھنا؛ اسکول شروع کرنا یا اسکو میں واپس آنا اور کمیونٹی وسائل کا استعمال کرنا۔

<u>کمیونٹی سائیکاٹرک سپورٹس اینڈ ٹریٹمنٹ (CPST)</u>
یہ سروس آپ کو مشاورت اور طبی علاج کے ذریعے علامات کو متنظم کرنے میں مدد فراہم کرتی ہے۔

<u>ایمپاورمنٹ سروسز – پیئر سپورٹس</u>
یہ سروس آپ کو ایسے خصوصی ماہر ہم عصر لوگوں کے ساتھ مربوط کرتی ہے جو بحالی کے عمل سے گزر چکے ہوں۔ یہ آپ کے سیکھنے میں مدد اور اعانت کی فراہمی میں معاونت فراہم کرتی ہے:

- صحت کے مسائل کے ساتھ زندہ رہنے، خودمختار بننے،
- اور آپ کی اپنی بحالی کے حوالے سے فیصلہ سازی میں مدد کرتی ہے، اور
- قدرتی معاونت اور وسائل دریافت کرنے میں مدد دیتی ہے۔

<u>فیملی سپورٹ اینڈ ٹریننگ (FST)</u>
یہ سروس آپ کے اہل خانہ اور دوستوں کو آپ کی مدد اور اعانت کرنے کی معلومات اور مہارتیں فراہم کرتی ہے۔

BH HCBS سے CORE سروسز میں کیا تبدیلیاں کی جا رہی ہیں؟
یہ CORE سروسز تقریبًا وہی ہیں جو BH HCBS میں تھیں۔ دو تبدیلیاں کی گئی ہیں:

1. اب آپ کے پاس کام اور اسکول سے متعلق اہداف کی معاونت کے لیے سروسز کے مزید اختیارات موجود ہیں۔ آپ مدد کے لیے CORE PSR پرووائیڈر سے درج ذیل معاونت حاصل کر سکتے ہیں:
   - ذہنی صحت یا نشے کی لت کی جدوجہد کا انتظام کرتے ہوئے ملازمت حاصل کریں یا اسکول جائیں؛
   - خودمختار زندگی گزاریں اور اپنے گھر کو منتظم کریں؛ اور
   - صحت مندانہ تعلقات قائم کریں یا مضبوط کریں۔

2. شارٹ ٹرم کرائسِس ریسپائیٹ اور اِنٹینسِو کرائسِس ریسپائیٹ کو اب کرائسس ریزیڈینشل سروسز کہا جاتا ہے اور یہ اب بھی دستیاب ہے۔

یہ سات سروسز اب بھی BH HCBS کے تحت دستیاب ہیں:

- ہیبلیٹیشن
- ایجوکیشن سپورٹ سروسز
- پری ووکیشنل سروسز
- عبوری روزگار
- انتہائی معاون روزگار
- جاری معاون روزگار
- غیر طبی نقل و حمل

کیا CORE سروسز حاصل کرنے کے لیے مجھے اپنا BH HCBS پرووائیڈر تبدیل کرنا پڑے گا؟
اگر آپ **1 فروری 2022** سے پہلے FST، CPST یا BH HCBS کے طور پر پیئر سپورٹ حاصل کر رہے تھے، تو آپ اب بھی CORE کے تحت وہی سروسز اپنے پرووائیڈر سے حاصل کرنا جاری رکھ سکتے ہیں۔ آپ کا پرووائیڈر آپ سے کسی بھی ایسی تبدیلی کے بارے میں بات کرے گا جو آپ کو متاثر کرتی ہو۔ آپ اپنے کیئر منیجر سے بھی مدد مانگ سکتے ہیں۔

کیا مجھے BH HCBS کے لیے تشخیص کرانی ہو گی؟
جی ہاں، آپ کو BH HCBS حاصل کرنے کے لیے اپنے کیئر منیجر یا ریکوری کوآرڈینیٹر کے ساتھ نیویارک اسٹیٹ کے تحت اپنی اہلیت کی تشخیص کرانے کی ضرورت ہو گی۔

کیا مجھے CORE سروسز کے لیے تشخیص کرانی ہو گی؟
نہیں، آپ کو کور سروسز حاصل کرنے کے لیے نیویارک اسٹیٹ کے تحت اہلیت کی تشخیص کی ضرورت نہیں ہے۔ اگر آپ کے لیے کسی اہل پرووائیڈر کی جانب سے سفارش کی جاتی ہے، جیسے ڈاکٹر یا سماجی کارکن، تو پھر آپ کو COREسروس مل سکتی ہے۔ اہل پرووائیڈر کسی بھی CORE سروس کے لیے سفارش کرنے سے پہلے، آپ کی تشخیص اور ضروریات پر آپ کے ساتھ تبادلہ خیال کر سکتا ہے۔

میں ایسا اہل پرووائیڈر کیسے تلاش کروں جو CORE سروسز کے حصول کے لیے میری سفارش کرے؟
آپ کا پرائمری کیئر پرووائیڈر یا تھراپسٹ آپ کی CORE سروسز کے لیے سفارش کرنے کی اہلیت رکھتا ہے۔ اگر آپ کو کوئی اہل پرووائیڈر تلاش کرنے میں مدد کی ضرورت ہو، تو درج ذیل نمبر پر ممبر سروسز سے رابطہ کریں۔ آپ اپنے کیئر منیجر سے بھی مدد مانگ سکتے ہیں۔

ان خدمات کے بارے میں مزید جاننے کے لیے، ممبر سروسز سے 1-800-303-9626 (TTY:711) پر رابطہ قائم کریں